© rasailojaraid.com



مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی

# تعارف وتبصرہ کتب

ماہنامہ "النصیحہ" خصوصی اشاعت دارالعلوم دیوبند نمبر مارچ، اپریل، مئی ۲۰۰۱ء۔ ضخامت: ۳۰۴ صفحات
مدیر اعلیٰ: مولانا محمد گوہر شاہ حقانی۔ ملنے کا پتہ: دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ، صوبہ سرحد قیمت: درج نہیں۔

گزشتہ سال اپریل میں ڈیڑھ صد سالہ خدمات دارالعلوم دیوبند عالمی کانفرنس منعقدہ پشاور تاروجبہ کے موقع پر اسکی اہمیت کے پیش نظر مختلف جرائد و رسائل اور اخبارات نے خصوصی ضمیمے، مقالے اور مضامین شائع کئے۔ جن میں ماہنامہ النصیحہ چارسدہ کی ضخیم اور معلومات افزاء اشاعتِ خصوصی کو خصوصی اہمیت حاصل ہے ادارہ النصیحہ کے کارپردازوں نے انتہائی قلیل مدت میں کانفرنس کے انعقاد کے صرف ایک دو دن قبل یہ نمبر نکالا۔ اور کانفرس میں عوام وخواص کی توجہ کا مرکز بنا۔ اس خصوصی اشاعت میں دارالعلوم دیوبند کی ابتدائے تاسیس اور پس منظر سے لیکر آج تک کے تمام ادوار اس کی خدمات اس کی عالمگیریت اور اس کے ابناء کے کارناموں کا مفصل تذکرہ موجود ہے اور اور اپنی اسی انفرادیت کی بدولت یہ اشاعت ایک حوالہ جاتی دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ ۳۰۴ صفحات پر مشتمل اس نمبر میں ملک وبیرون ملک کے نامور اہل قلم واہل دانش علماً وارباب بصیرت حضرات نے متنوع مقالات اور مضامین پیش کئے ہیں۔ جن کے مطالعہ سے دارالعلوم دیوبند واکابر دارالعلوم انکے مزاج و مذاق کو سمجھنے میں مکمل مدد ملتی ہے۔

---

کتاب: احکام الاذان۔ تصنیف مولانا محمد گوہر شاہ صاحب مرتب: مولانا عبدالماجد
ضخامت: ۵۴ صفحات۔ قیمت: درج نہیں ملنے کا پتہ: دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ، صوبہ سرحد

اذان ایک اہم عبادت اور شعائر دین میں سے ہے اور روزانہ مسلمانوں کو پانچ وقت نمازوں میں اس کی ضرورۃ پیش آتی ہے۔ ذخیرہ احادیث میں اذان کے بہت سے فضائل آئے ہیں۔ لیکن اس کی اتنی اہمیت کے باوجود نہ صرف اکثر مسلمان بلکہ خود موذنین حضرات اس کے مسائل اور ضروری احکام سے ناواقف ہیں اور ضرورت اس بات کی تھی کہ اس اہم عبادت کے احکام ومسائل پر مستقل کتاب اردو زبان میں آجائے۔ چنانچہ دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ کے مہتمم اور ماہنامہ النصیحہ کے مدیر اعلیٰ مولانا سید محمد گوہر شاہ صاحب نے اس موضوع پر قلم اٹھایا اور ماہنامہ النصیحہ میں سلسلہ وار (۹) اقساط میں اس کی اشاعت مکمل ہوئی۔ بعد ازاں جب ان اقساط کو کتابی شکل دینے کے لئے مختلف حضرات کے طرف سے تجویزیں آئیں۔ تو مولانا کے تلمیذ خاص مولانا عبدالواحد صاحب نے اس پر نظر ثانی کے ساتھ ساتھ بعض مفید اضافہ جات بھی کئے جس سے کتاب کی معنوی قدر وقیمت میں اضافہ ہوا اور بعد ازاں دارالعلوم اسلامیہ کے شعبہ دعوۃ وارشاد کی جانب سے ۵۴ صفحات پر مشتمل یہ اہم اور مفید رسالہ شائع کیا گیا۔ امید ہے کہ علماً، طلبہ اور عامۃ المسلمین اس سے کماحقہ استفادہ حاصل کریں گے۔

© rasailojaraid.com